# حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری کے خلیفہ مجاز

# حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب کا سانحہ ارتحال

عظیم روحانی شخصیت حضرت مولانا محمد یحیٰ صاحب ۴ شعبان ۱۴۱۴ھ مطابق ۱۷ جنوری ۱۹۹۴ء کو بہاولنگر میں انتقال فرما گئے۔ حضرت مولانا ایک متقی، عالم باعمل اور انتہائی خلیق انسان تھے۔ وہ دینی حلقوں میں نہایت احترام کی نگاہ سے پہچانے جاتے تھے۔ زہد و تقویٰ انہوں نے وراثت میں پایا تھا۔ ان کے دادا حضرت خواجہ اللہ بخش صاحب رحمتہ اللہ علیہ حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری قدس سرہ کے خلیفہ مجاز تھے۔ اسی طرح ان کے والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ بھی حلقہ علماء و صوفیا میں اہم مقام کے حامل تھے۔ حضرت مولانا محمد یحیٰ رحمہ اللہ خانقاہ رائے پور سے تعلق و نسبت رکھتے تھے اور قطب الارشاد حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہ کے خلیفہ مجاز تھے۔ ان کی وفات سے خانقاہ رائے پور میں ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے۔ حضرت مولانا نے تمام عمر دین کی سربلندی اور مخلوق خدا کی ہدایت و تربیت میں بتادی اللہ تعالیٰ آپکے درجات بلند فرمائے اور مغفرت فرمائے، ان کی اولاد کو اپنے عظیم والد کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ (آمین)

مجلس احرار اسلام ضلع بہاولنگر کے صدر مولانا حافظ انیس الرحمن صاحب کے چھوٹے بھائی ابو مغیرہ عبدالرحمن جامی ۲۴ جنوری کو انتقال فرما گئے۔ مرحوم مجلس احرار اسلام کے پرجوش اور سرگرم کارکن تھے۔ تمام احرار حلقے ان کی اچانک رحلت سے غم زدہ ہیں۔ ہم مولانا حافظ انیس الرحمن اور دیگر لواحقین کے غم میں شریک ہیں اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا گو ہیں۔

عبدالحکیم ضلع خانیوال سے ہمارے کرم فرما محترم پیر لعل شاہ صاحب ہمدانی کے فرزند اور حضرت پیر خورشید احمد شاہ صاحب ہمدانی قدس سرہ کے نواسے گزشتہ دنوں ایک حادثہ میں انتقال کر گئے۔ وہ ایک عرصہ سے بیمار تھے اور بالکل نو عمری میں ہی آخرت کو سدھار گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور والدین کو صبر عطا فرمائے۔ (آمین)

گجرات سے ہمارے محترم رفیق اور مہربان جناب عبدالسمیع صاحب کی والدہ محترمہ ۱۹ جنوری کو رحلت فرما گئیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی خطاؤں کو معاف فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

## سید عنایت اللہ شاہ صاحب مرحوم:

حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے دور کے احرار رضاکار سید عنایت اللہ شاہ صاحب ۹ جنوری کو چک نمبر ۱۰۹-۱۲ ایل چیچہ وطنی میں انتقال فرما گئے۔ شاہ صاحب مرحوم ہمارے عزیز دوست اور روزنامہ خبریں لاہور کے آرٹ سیکشن کے انچارج عبدالجبار ثاقب صاحب کے سسر تھے۔ پیر جی حضرت سید عطاء المہیمن بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ اور چیچہ وطنی کے دیگر احرار کارکنوں نے شاہ صاحب کی وفات پر ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہے۔

حضرت قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمتہ اللہ علیہ کی اہلیہ محترمہ ۲۲ جنوری کو شجاع آباد میں رحلت فرما گئیں۔